ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن وحدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر: 27
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:27

مرتب

عالمہ کنیز عائشہ امجدی

زیرِ نگرانی

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ ستائیس مع درسِ حدیث

مرتب : عالمہ کنیز عائشہ امجدی

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

عالمہ کنیز عائشہ امجدی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ ستائیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

اللہ کے حدود پار نہ کرو یعنی حد سے نہ بڑھو۔(پارہ27،الذٰریٰت،34)

ہر حال اور ہر طرح کے معاشرے میں اپنے آپ کو ایمان والا اور نیک عمل والا بنا کر رکھو، رب تعالی تمھاری حفاظت فرمائے گا ۔ (پارہ 27 ،الذٰریٰت،35)

اپنے مال و دولت اور دنیوی سلطنت کے نشے میں مست ہو کر رب تعالی کا انکار نہ کرو۔(پارہ27،الذٰریٰت،39)

اللہ کی طرف تیزی سے بڑھو۔(پارہ27،الذٰریٰت،50)

اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔(پارہ27،الذٰریٰت،51)

ایک دوسرے کو سمجھایا کرو اور نیکی کی دعوت دو ۔ (پارہ 27 ،الذٰریٰت،55)

اللہ کی عبادت کو اور اس کی فرماں برداری کو مقصد حیات بنالو۔(پارہ 27،الذٰریٰت،56)

قیامت کے دن کے پچھتاوا سے بچنے کی کوشش کرو۔(پارہ 27، الطور، 11)

اپنی زندگی کو رب سے غفلت اور کھیل کود میں برباد نہ کرو۔(پارہ 27، الطور، 12)

اگر جنت کی ہمیشہ رہنے والی عیش و عشرت بھری زندگی اپنے گھر والوں کے ساتھ گزارنا چاہتے ہیں تو دنیا میں ایک دوسرے کو نیکی کی دعوت دیں گناہوں سے بچانے کی کوشش کریں

اے دین کے داعی اور مبلغ! بے جا طعن و تشنیع کرنے والوں کی باتوں پر کان نہ دھرو، دین کی دعوت دیتے رہو۔(پارہ 27، الطور، 29)

اللہ کے حبیب کریم ﷺ کی ذات اقدس کے بارے میں کچھ کہنے سے پہلے اچھے سے سوچ لیا کرو کہ رب کی بارگاہ میں حضور اکرم ﷺ کا مقام بڑا بلند ہے جو آپ ﷺ کی ذات پر اعتراض کرتا ہے رب خود اس کا جواب دیتا ہے اور اس کی گرفت فرماتا ہے۔(پارہ 27، الطور، 30-34)

اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرتے ہوئے اس کی تسبیح بیان کرو۔(پارہ 27، الطور، 44)

ہر حال میں رب کی رضا میں راضی رہو اور صبر سے کام لو۔(پارہ 27 ،الطور،48)

تسبیح و تہلیل اور قیام و سجود کے ذریعے صبر کرنے میں مدد طلب کرو۔ (پارہ27،الطور،48-49)

یاد رکھو!رب کے حکم کے بغیر کوئی کسی کی شفاعت نہیں کر سکتا،یعنی شفاعت اسی کی قابلِ قبول ہو گی جو رب کی بارگاہ کا مقبول ہو گا۔(پارہ27، النجم،2)

رب تعالیٰ سے غافل اور صرف دنیاوی عیش و عشرت میں منہمک لوگوں سے دور رہو۔(پارہ27،النجم،29)

نیکی اور بھلائی کیا کرو رب تعالی اس کا بدلہ ضرور عطا فرمائے گا۔(پارہ 27،النجم،31)

رب تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے گناہوں سے منہ موڑ لیا کرو۔(پارہ27 ،النجم،32)

لوگوں سے چھپ کر گناہ مت کیا کرو،یاد رکھو تم ہر وقت اور حالت رب کے علم میں ہو وہ تم سے غافل نہیں ہے۔(پارہ27،النجم،32)

دوسرے کے گناہ کی سزا کسی دوسرے کو نہ دیا کرو۔(پارہ 27، النجم، 38)

نیکیوں میں پہل اور اس کے لیے زیادہ سے زیادہ کوشش کرو کہ اس نیکی کا جلدی ہی اجر ملے گا اور پورا پورا اجر ملے گا۔(پارہ 27، النجم، 39-41)

ایک ہی رب پر ایمان لاؤ اور ہر حال میں اسی پر بھروسہ رکھو کہ وہی خوشی و غم اور موت و حیات کا مالک ہے، وہی بیٹا اور بیٹی دینے والا ہے، اسی کے دست قدرت میں مالداری اور فقیری ہے یقیناً وہی ہر ایک کا رب ہے۔(پارہ27، النجم، 43-49)

آخرت کی تیاریاں کرو اور قیامت کو قریب جانو۔(پارہ27، القمر، 1)

جب تم مظلوم و بے سہارا ہو تو مایوس مت ہوا کرو بلکہ رب کی بارگاہ میں پلٹ جایا کرو۔(پارہ27، القمر، 10)

رب تعالیٰ پر پورا بھروسہ رکھ کر اسے پکارو وہ تمھارے لیے زمین و آسمان کے بند راستے کھول دے گا۔(پارہ27، القمر، 11-14)

قرآن کو رب نے آسان بنایا ہے اسے یاد کرنے، سمجھنے اور اس پر عمل

کرنے کی کوشش کرو۔(پارہ27،القمر،17)

رحمن رب کی ظاہری وباطنی نعمتوں کو دیکھ کر اس رب کی خوب تسبیح بیان کرو اور اس کے لیے سر بسجود ہو جاؤ اور یاد رکھو کہ اس کی تسبیح صرف تم ہی نہیں بلکہ سورج و چاند بھی بیان کرتے ہیں اور نجم و شجر بھی اسے سجدہ کرتے ہیں۔(پارہ27،الرحمن،1-6)

زمین کی خلقت اور اس کی نعمتوں کو دیکھ کر رب تعالی وحدانیت اور اس کی قدرت کا اقرار کرو۔(پارہ27،الرحمن،10-13)

بحری عجائبات پر غور و فکر کیا کرو اور رب کی قدرت پر یقین کامل رکھو۔ (پارہ27،الرحمن،19-25)

دنیا اور اہل دنیا سے دل نہ لگاؤ، اسے ایک دن چھوڑ دینا ہے اور یہ سب فنا ہو جائے گا۔(پارہ27،الرحمن،26-28)

رب سے اپنا رشتہ مضبوط رکھو اسی کی ذات ہمیشہ رہنے والی ہے اور صرف اسی کو دائمی بقاء ہے۔(پارہ27،الرحمن،26-28)

رب تعالی کے آسمان تلے زندگی گزارتے ہوئے اور اس کی زمین پر رہتے ہوئے اسی رب کے انکار اور اس کے نافرمانی کی جرأت نہ کرو، کیا تم

اس کے آسمان وزمین سے نکل کر کہیں اور جاسکتے ہو؟؟(پارہ27،الرحمن،
33-34)

قیامت کے دن کے اچھے انجام کے لیے فکر مند رہو اور اسی کے لیے کوشش کرو۔(پارہ27،سورہ واقعہ، آیت7-10)

یادرکھو موت وحیات کا مالک صرف پاک پروردگار عالم ہے، اگر موت کا وقت آجائے تو کوئی کسی کو موت سے نہیں بچاسکتا۔(پارہ27،سورہ واقعہ، آیت83-89)

موت کے بعد کے اچھے انجام کے لیے فکر مند رہو اور اس لیے کوشش کرو۔(پارہ27،سورہ واقعہ، آیت90-95)

رب تعالیٰ کی خوب تسبیح و تہلیل کرو۔(پارہ27،سورہ واقعہ، آیت96)

زمین و آسمان میں جو کچھ ہے وہ اپنے رب کی پاکی بولتے ہیں تم بھی اپنے رب کی تسبیح بیان کرو۔(پارہ27،سورہ حدید، آیت1)

رب تعالیٰ کو زمین و آسمان کی سلطنت کا اور موت و حیات کا مالک جانو اور اسی کو اول و آخر، ظاہر و باطن اور ہر شئ کا علیم مانو۔(پارہ27،سورہ حدید، آیت2-3)

اللہ و رسول پر ایمان لاؤ اور اسی پر ثابت قدم رہو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 7-11)

اللہ نے جو تمھیں عطا فرمایا ہے اس میں سے اس کی راہ میں خوب خرچ کرو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 7-11)

ایمان پر ثابت قدم رہو تاکہ دائمی انعام و اکرام سے نوازے جاؤ اور ہمیشہ کے پچھتاوے سے محفوظ رہو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 12-15)

اے دل غافل! رب کے عذابوں کا تذکرہ سن کر تائب ہو جا، کیا ابھی بھی وہ وقت نہیں آیا کہ رب تعالی کے ذکر کو سن کر خوف زدہ ہو جائے۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 16)

یاد رکھو! دنیا کی زندگی بڑی قیمتی ہے اسے یوں ہی کھیل کود اور تفاخر میں ضائع نہ کر دو بلکہ اپنے رب کی مغفرت اور اس کی وسیع جنت کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اسی کے لیے سبقت کرو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 20-21)

ہر حال میں اللہ کی تقدیر اور اس کی تقسیم پر راضی رہو، غموں پر ناامید

اور مایوس نہ جاؤ اور خوشیوں پر غرور و گھمنڈ نہ کرو بلکہ صبر و شکر کا دامن تھامے رکھو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 22-23)

بخل اور کنجوسی سے بچو، میانہ روی اختیار کرو۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 24)

یاد رکھو کہ ساری نعمتیں رب تعالی کے دست قدرت میں ہے وہ جسے جو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ (پارہ 27، سورہ حدید، آیت 29)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَسّی سال کی عبادت

مَنْ صَلّٰی صَلَاۃَ الْعَصْرِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْمَ مِنْ مَّقَامِہٖ: ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً''ثُمَّ اِثْنَیْنَ مَرَّۃً غُفِرَتْ لَہٗ ذُنُوْبُ ثَمَانِیْنَ عَاماً وَکُتِبَتْ لَہٗ عِبَادَۃُ ثَمَانِیْنَ سَنَۃً

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ''جس نے جُمعہ کے دن نمازِ عَصر ادا کی پھر اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے 80 بار یہ دُرود شریف پڑھا: ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْماً'' تو اس کے 80 برس کے گناہ بخشے جاتے اوراُس کے لئے 80 سال کی عبادت لکھی جاتی ہے۔'' (اَفْضَلُ الصَّلَوَاتِ

لِلنَّبْہانی، ص25)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل
https://wa.me/923126392663